THU.17.Oct.2024
VOLUME:19 NO: 264
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

Established May 1994 : قائم شدہ:مئی

# ورقِ تازہ
ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑاور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

بروز جمعرات 17/ اکتوبر 2024
جلد:19 شمارہ: 264
11/ ربیع الثانی 1446ھ
قیمت00=3 روپے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com–Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر:محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)










# دہشت گردی اور انتہا پسندی علاقائی تعاون میں بڑی رکاوٹ


## رکن ممالک میں باہمی اعتماد کی ضرورت پرزور، شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس سے وزیر خارجہ ہند جے شنکر کا خطاب



اسلام آباد: ہندوستان کے وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے چہارشنبہ کے روز پاکستان کو اپنی سرزمین سے ایک پردہ دار پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اگر سرحد پار سرگرمیاں دہشت گردی، انتہا پسندی اور علیحدگی پسندی کی تین برائیوں پر مبنی ہیں تو تجارت، توانائی اور تعاون رابطے جیسے شعبوں میں اضافہ کا امکان نہیں ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کی ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جے شنکر نے کہا کہ تجارت اور رابطے کے اقدامات میں علاقائی سالمیت اور خودمختاری کو تسلیم کیا جانا چاہیے اور اعتماد کی کمی پر ایمانداری سے بات چیت کرنا ضروری ہے۔ وزیر خارجہ نے اسلام آباد میں منعقدہ ایس سی او ممالک کی کونسل آف ہیڈز آف گورنس کے 23 ویں سربراہی اجلاس میں ہندوستانی وفد کی قیادت کی۔ اس کانفرنس کی صدارت پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف نے کی۔ جے شنکر تقریباً ایک دہائی میں پاکستان کا دورہ کرنے والے پہلے ہندوستانی وزیر خارجہ ہیں۔ شریف ایس سی او کانفرنس سے خطاب کرنے والے پہلے شخص تھے، جس کے فوراً بعد جے شنکر نے کانفرنس میں اپنے خیالات پیش کئے۔ چینی وزیر اعظم لی کیانگ نے بھی اس کانفرنس میں شرکت کی۔ جے شنکر نے یہ تبصرے مشرقی لداخ میں ہندوستانی اور چینی فوجیوں کے درمیان جاری فوجی تعطل اور بحر ہند اور دیگر اسٹریٹجک علاقوں میں چین کی بڑھتی ہوئی فوجی طاقت کے خدشات کے درمیان کیے ہیں۔ کانفرنس سے پہلے وزیر اعظم شریف نے جے شنکر سے مصافحہ کیا اور سربراہی اجلاس کے مقام جناح کنونشن سنٹر پر ان کا اور اجلاس کے دیگر رکن ممالک کے رہنماؤں کا استقبال کیا۔ جے شنکر نے کہا کہ اگر گروپ باہمی اعتماد کی بنیاد پر ایک ساتھ آگے بڑھتا ہے تو ایس سی او کے رکن ممالک کو بہت فائدہ ہوسکتا ہے۔ وزیر خارجہ نے ایس سی او کے ہر رکن ریاست کی طرف سے گروپ کے چارٹر پر سختی سے عمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا اور باہمی اعتماد، دوستی اور اچھی ہمسائیگی کو مضبوط بنانے کے اس کے جوہر پر روشنی ڈالی۔ یہ حقیقی شراکت داری پر مبنی ہونا چاہیے، یکطرفہ ایجنڈا نہیں۔ یہ (تعاون) آگے نہیں بڑھ سکتا اگر ہم عالمی انتظامات میں اپنے فائدے کا انتخاب کرتے ہیں، خاص طور پر تجارت اور ٹرانزٹ کے شعبوں میں۔ ان کے تبصرے کو تجارت اور رابطے جیسے اہم مسائل پر چین کے جارحانہ رویے کے بالواسطہ حوالہ کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ انہوں نے عالمی ادارے کو مزید نمائندہ، جامع، شفاف اور موثر بنانے کے لیے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سطحوں کے مستقل اور غیر مستقل دونوں زمروں میں جامع اصلاحات کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ جے شنکر نے مختلف عالمی چیلنجوں کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ کانفرنس ایک ایسے وقت میں منعقد کر رہے ہیں جب دنیا مشکل کے دور سے گزر رہی ہے۔ دو بڑے تنازعات جاری ہیں جو پوری دنیا کو متاثر کر رہے ہیں۔ جے شنکر نے کہا کہ انتہائی موسمیاتی حالات سے لے کر سپلائی چین کی غیر یقینی صورتحال اور مالی عدم استحکام تک مختلف قسم کی رکاوٹیں ترقی کو متاثر کر رہی ہیں۔

# عمر عبداللہ نے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیا

## سریندر سنگھ جموں و کشمیر کی نائب وزیر اعلیٰ مقرر



سری نگر: 16/ اکتوبر (ایجنسیز) عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے آج سری نگر میں شیرِ کشمیر انٹرنیشنل کانفرنس سینٹر (ایس کے آئی سی سی) میں حلف لیا۔ اسی کے ساتھ سریندر سنگھ چودھری نے یونین ٹیریٹری (یوٹی) کے نائب وزیر اعلیٰ کے طور پر حلف لیا۔ نیشنل کانفرنس (جے کے این سی) اور کانگریس کے اتحاد نے جموں و کشمیر اسمبلی انتخابات 2024 میں اکثریت حاصل کی، جس کے بعد عمر عبداللہ کو وزیر اعلیٰ نامزد کیا گیا۔ حلف برداری تقریب میں کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑگے، لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی، کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی اور پی ڈی پی کی سربراہ اور ریاست کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی سمیت کئی دیگر اہم سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران، کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا (سی پی آئی) کے رہنما ڈی راجہ نے عمر عبداللہ کو کامیابی کی امید ظاہر کی اور اس موقع کو جموں و کشمیر کے لیے ایک نیا آغاز قرار دیا۔ جموں و کشمیر کے نئے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اہم فیصلہ لیتے ہوئے سریندر سنگھ چودھری کو مرکز کے زیر انتظام جموں و کشمیر کا نیا نائب وزیر اعلیٰ مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ چودھری نے جموں و کشمیر کے بی جے پی صدر رویندر رینہ کو انتخابات میں شکست دی تھی۔

### عمر عبداللہ کی کابینہ میں

5 وزیروں کو شامل کیا گیا ہے:

سریندر چودھری، نیشنل کانفرنس کے نوشہرہ سے ایم ایل اے (نائب وزیر اعلیٰ مقرر ہوئے ہیں)۔

سکینہ ایتو، نیشنل کانفرنس کی دمہال ہانجی پورہ سے ایم ایل اے۔

جاوید رانا، نیشنل کانفرنس کی مینڈھر سے ایم ایل اے۔

جاوید ڈار، نیشنل کانفرنس کے رفیع آباد سے ایم ایل اے۔ ستیش شرما، چھمب سے آزاد ایم ایل اے جنہوں نے این سی-کانگریس اتحاد کی حمایت کی۔ نیشنل کانفرنس کے صدر اور عمر کے والد فاروق عبداللہ نے اس موقع پر کہا کہ عوام نے آرٹیکل 370 کی منسوخی کے خلاف فیصلہ دیا ہے اور اپنے ووٹ سے ثابت کیا ہے کہ وہ 5 اگست کے فیصلے کو مسترد کرتے ہیں۔ عمر عبداللہ نے حلف برداری کے بعد کہا کہ وہ جموں و کشمیر کی عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کام کریں گے اور حکومتِ ہند کے ساتھ تعاون کرنے کے خواہشمند ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ریاست کی بحالی اور ترقی کے لیے اپنی پوری کوشش کریں گے۔ دریں اثنا، جموں و کشمیر پردیش کانگریس کمیٹی (جے کے پی سی سی) کے سربراہ طارق حمید قرہ نے کہا کہ فی الحال کانگریس پارٹی جموں و کشمیر کی حکومت میں وزارت کا حصہ نہیں بن رہی ہے۔ کانگریس نے مرکزی حکومت سے جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی کا مطالبہ کیا ہے اور وزیر اعظم نے متعدد عوامی اجلاسوں میں اس کا وعدہ بھی کیا ہے۔ تاہم، ریاستی حیثیت اب تک بحال نہیں ہوئی ہے، جس پر ہم ناراض ہیں، اسی لیے ہم اس وقت وزارت میں شامل نہیں ہورہے ہے۔ جے کے پی سی سی کے سربراہ نے مزید کہا کہ کانگریس پارٹی ریاستی حیثیت کی بحالی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ خیال رہے کہ یہ انتخابات جموں و کشمیر میں کئی سالوں بعد ہوئے ہیں، جس میں نیشنل کانفرنس اور کانگریس کے اتحاد نے 41 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی، جبکہ پی ڈی پی نے 3 نشستیں حاصل کیں۔

## عمر عبداللہ کی شیخ محمد عبداللہ کے مزار پر حاضری

سرینگر: نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور چیف منسٹر عمر عبداللہ نے تقریب حلف برداری سے قبل حضرت بل میں واقع شیخ محمد عبداللہ کے مزار پر حاضری دی اور فاتحہ پڑھی۔ پارٹی نے ایکس پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا کہ چیف منسٹر عمر عبداللہ نے تقریب حلف برداری سے قبل شیر کشمیر اور مادر مہربان کے مزار انوار نسیم باغ سرینگر میں واقع مزاراتِ انوار پر بھی فاتحہ خوانی کی۔ انہوں نے جموں و کشمیر کے امن اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔

## سابق رکن پارلیمنٹ جیا پردا کو عدالت سے راحت

رام پور (یوپی): رام پور کی خصوصی ایم پی/ ایم ایل اے عدالت نے چہارشنبہ کو سابق ایم پی جیا پردا کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے مقدمہ میں بڑی راحت دیتے ہوئے بری کردیا۔ جیا کے وکیل ارون پرکاش سکسینہ نے میڈیا کو بتایا کہ رام پور کی سابق ایم پی کے خلاف 2019 میں ضلع کے سوار پولیس اسٹیشن میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ان کے مطابق یہ الزام لگایا گیا تھا کہ انتخابی ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے باوجود جیا نے بغیر اجازت نور پور گاؤں میں ایک جلسہ عام کا اہتمام کیا اور ایک سڑک کا افتتاح کیا۔ جیا پردا اس وقت بی جے پی کے ٹکٹ پر رام پور لوک سبھا سیٹ سے الیکشن لڑرہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپیشل ایم پی/ ایم ایل اے کورٹ کے جج شوبھت بنسل نے ثبوت کی کمی کی وجہ سے جیا کو بری کردیا۔ جیا نے عدالت کے فیصلے کے بعد صحافیوں کو بتایا کہ وہ عدالت کے فیصلہ سے وہ خوش ہیں۔ کچھ لوگ انہیں رام پور آنے سے روکنے کی سازش کررہے ہیں لیکن رام پور ان کا دوسرا گھر ہے اور وہ بار بار آتی رہیں گی۔ وہ اگلے لوک سبھا انتخابات بھی رام پور سے لڑیں گی۔ حلقہ کا فیصلہ پارٹی قیادت کرے گی۔

# مسجد میں جئے شری رام نعرے لگانے سے مذہبی جذبات مجروح نہیں ہوتے

## کرناٹک ہائیکورٹ کا تبصرہ، دو غیر مسلم ملزمین کے خلاف مقدمہ خارج

بنگلورو: کرناٹک ہائی کورٹ نے ایک فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ مسجد میں جئے شری رام کے نعرے لگانے سے کسی بھی برادری کے مذہبی جذبات کی توہین نہیں ہوئی ہے۔ اس بنیاد پر عدالت نے دو ملزمین کیرتن کمار اور سچن کمار کے خلاف چل رہے فوجداری کیس کو خارج کردیا ہے۔ یہ معاملہ گزشتہ سال ستمبر میں کرناٹک کے جنوبی کنڑ ضلع میں درج کیا گیا تھا۔ کیس میں شکایت کنندہ نے الزام لگایا تھا کہ دونوں ملزمین ایک رات مسجد میں داخل ہوئے اور جے شری رام کے نعرے لگائے۔ اس پر پولیس نے تعزیرات ہند (آئی پی سی) کی دفعہ 295A، 447 اور 506 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ جسٹس ایم ناگا پرسنا کی سربراہی والی بنچ نے کہا کہ دفعہ 295A ایسے جرائم سے متعلق ہے جو جان بوجھ کر اور بدنیتی سے کسی بھی برادری کے مذہبی جذبات کی توہین کرتے ہیں۔ جئے شری رام کے نعرے لگانے سے کسی بھی برادری کے مذہبی جذبات کو ٹھیس نہیں پہنچی۔ میڈیا کے مطابق ریاستی حکومت نے اس معاملے میں مزید تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا لیکن عدالت نے اسے مسترد کردیا۔ عدالت نے کہا کہ اس معاملے میں کچھ بھی سامنے نہیں آیا ہے جس سے امن عامہ یا امن پر کوئی منفی اثر پڑا ہو۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ بغیر کسی ٹھوس وجہ کے اس طرح کے مقدمات کو جاری رکھنا عدالتی عمل کا غلط استعمال ہوگا اور اس سے انصاف کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔ قانونی خبروں سے متعلق ایک ویب سائٹ بار اینڈ بنچ کے مطابق، عدالت نے کہا کہ عدالت نے کہا کہ آئی پی سی کی دفعہ 295A کے تحت کسی بھی قسم کے عمل یا سرگرمی کو جرم ثابت نہیں کیا جاسکتا۔ ایسے جرائم جن میں امن کی خلاف ورزی ہوتی ہے یا کسی بھی مبینہ جرم کے ٹھوس ثبوت یا عناصر کی عدم موجودگی میں انہیں خطرے میں ڈالنا قانون کا غلط استعمال ہوگا نتیجتاً انصاف کا قتل ہوگا۔ ملزمین کی اپیل کی سماعت کرتے ہوئے بنچ نے یہ بھی کہا کہ شکایت کنندہ نے خود کہا تھا کہ جس علاقے میں یہ واقعہ پیش آیا وہاں دونوں برادری (ہندو اور مسلمان) ہم آہنگی سے رہ رہے ہیں۔ بنچ نے مزید کہا کہ درخواست گزاروں کے خلاف مزید کارروائی کی اجازت دینا قانون کے عمل کا غلط استعمال ہوگا۔ عدالت نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق کوئی بھی عمل آئی پی سی کی دفعہ 295A کے تحت جرم نہیں بنے گا۔ پولیس نے ملزمین پر مبینہ طور پر دھمکیاں دینے کا الزام بھی عائد کیا۔ شکایت کے اندراج کے وقت ملزمین کو نامعلوم افراد کے طور پر دکھایا گیا تھا تاہم بعد میں انہیں حراست میں لے لیا گیا اور ان کی شناخت ہوئی تھی۔ جس کے بعد دونوں ملزمان نے اپنے خلاف لگائے گئے الزامات کو چیلنج کیا اور کرناٹک ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ عدالت نے سماعت کے بعد ان کے خلاف مقدمہ خارج کردیا۔

### موجودہ مہاراشٹرا اسمبلی میں جماعت واری اراکین

| | |
|---|---|
| بی جے پی: | 130 |
| شیوسینا (شندے): | 40 |
| شیوسینا (اودھو): | 15 |
| این سی پی (اجیت پوار): | 43 |
| کانگریس: | 43 |
| این سی پی (شرد پوار): | 10 |
| دیگر: | 34 |
| جملہ: | 288 |

## مرکزی ملازمین کے مہنگائی الاؤنس میں 3 فیصد اضافہ کا اعلان

نئی دہلی: مرکزی کابینہ نے چہارشنبہ 16 اکتوبر کو مرکزی حکومت کے ملازمین کیلئے مہنگائی الاؤنس میں 3 فیصد اضافہ کو منظوری دے دی ہے جس سے اس سال دیپاولی کے تہوار سے پہلے 1 کروڑ سے زیادہ ملازمین اور پنشنرز کو فائدہ پہنچے گا۔ یکم جولائی 2024 سے لاگو ہونے والا DA اب بنیادی تنخواہ کا 53 فیصد تک ہوجاتا ہے۔ دھنتیرس اور دیوالی کے تہوار سے پہلے ہی مودی حکومت نے ملک کے لاکھوں ملازمین کو تحفہ دیا ہے۔ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں مرکزی کابینہ نے آج ڈی اے جاری کرنے کے فیصلے کو منظوری دیدی۔ ویسے تو مرکزی کابینہ نے مرکزی ملازمین کیلئے یہ فیصلہ کیا ہے لیکن جیسے ہی مرکز سے گرین سگنل ملے گا ملک کی تمام ریاستوں میں بھی ڈی اے میں اضافہ کا اعلان کردیا جائے گا۔ ڈی اے میں 3 فیصد اضافے کے ساتھ مرکزی کابینہ نے ملازمین کو تین مہینے کا بقایا بھی دینے کا اعلان کیا ہے۔ مرکزی حکومت ہر سال جنوری اور جولائی میں ملازمین کے مہنگائی بھتہ میں اضافہ کرتی ہے۔

## بنگلورو میں بارش سے تباہی، پھنسے ہوئے لوگوں کو ٹریکٹرس کے ذریعہ گھروں سے نکالا گیا

بنگلورو: کرناٹک میں بنگلورو سمیت ریاست کے دیگر حصوں میں موسلا دھار بارش ہورہی ہے۔ منگل کے روز شدید بارش کے بعد چہارشنبہ کو بھی کئی علاقوں میں تیز بارش سے تباہی ہوئی اور عام زندگی درہم برہم ہوگئی ہے۔ کئی علاقے زیر آب ہو چکے ہیں۔ مشکل حالات کا اندازہ اسی بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ بنگلورو کے یلاہانکا میں موجود 'فینکس مال آف ایشیا' میں ہر جگہ پانی بھر گیا جس سے گاہک مال کے اندر نہیں جا پارہے۔ یہ بنگلورو کا سب سے بڑا مال ہے جہاں لوگوں کی زبردست بھیڑ دیکھنے کو ملتی ہے۔ منگل اور چہارشنبہ کو ہوئی بارش نے اس شاپنگ مال کے انتظام و انصرام کو تہس نہس کردیا ہے۔ بنگلورو کے شمالی حصہ میں بارش نے حالت کچھ زیادہ ہی خراب کردی ہے۔ یلاہانکا میں سیلاب جیسی صورتحال ہے۔ ہر طرف سڑکوں پر پانی بھرا ہوا ہے۔ کیندریہ وِہار اپارٹمنٹ میں پھنسے ہوئے لوگوں کو ٹریکٹر ٹرالی کی مدد سے گھروں سے باہر نکالا گیا۔ کرناٹک حکومت نے بنگلورو شہر ضلع میں سبھی اسکولس بند کرنے کا اعلان کردیا ہے۔

### ایئر انڈیا ایکسپریس طیارے میں کوئی بم نہیں ملا: سنگاپور پولیس

سنگاپور: بم کی دھمکی کے درمیان تحقیقات کے دوران ایئر انڈیا ایکسپریس کے طیارے میں کوئی بم نہیں ملا۔ طیارہ اپنی مقررہ آمد کے ایک گھنٹہ بعد سنگاپور میں اترا۔ پولیس نے چہارشنبہ کو یہ اطلاع دی کہ شہر مدورائی سے ایئر لائنز کی پرواز پر چانگی ہوائی اڈہ پر سیکیورٹی چیک مکمل کرنے کے بعد انہیں کوئی بم نہیں ملا۔ ایئر لائن کو منگل کی رات 8:50 بجے سنگاپور کے چانگی ہوائی اڈہ پر فلائٹ نمبر AXB684 میں ایک بم کے ای میل کے ذریعہ اطلاع دی گئی۔ پولیس نے کہا کہ تحقیقات جاری ہیں۔ اور جان بوجھ کر عوام میں خوف پیدا کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ 'flyerDar24'، جو پروازوں کی نگرانی کرتا ہے، نے دکھایا کہ طیارے نے لینڈنگ سے پہلے سنگاپور کے مشرقی علاقے میں تقریباً ایک گھنٹے تک چکر لگایا۔ وزیر دفاع این جی اینگ ہین نے ایک فیس بک پوسٹ میں کہا، "Our RSAF کے دو F-15SG طیارے آج رات تقریباً 1004 بجے سنگاپور کے چانگی ہوائی اڈے پر طیارے کو آبادی والے علاقے سے دور لے جاکر بحفاظت لینڈ کرگئے۔ ہمارے زمینی فضائی دفاعی نظام اور دھماکہ خیز مواد کو ٹھکانے لگانے والی ٹیمیں بھی فعال کردی گئیں۔

## اکاسا ایئر کی پرواز کو بم سے اڑانے کی دھمکی

نئی دہلی: دہلی سے بنگلور جانے والی اکاسا ایئر کی پرواز میں بم کی دھمکی ملی ہے۔ اس کی وجہ سے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے سے اڑان بھرنے والی پرواز فوراً واپس دہلی لوٹ گئی۔




پرواز میں 184 افراد سوار تھے۔ اکاسا ایئر نے ایک بیان میں کہا کہ فلائٹ 1335 کیو پی کو دوپہر 2 بجے دہلی ہوائی اڈے پر اترنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ اکاسا ایئر کے ترجمان نے کہا ہے کہ اکاسا ایئر کی پرواز کیو پی 1335، جس نے 16 اکتوبر 2024 کو دہلی سے بنگلورو کے لیے اڑان بھری تھی اور اس میں 174 مسافر، 3 شیر خوار بچے اور عملے کے 7 ارکان سوار تھے، کو سیکیورٹی الرٹ موصول ہوا تھا۔ اکاسا ایئر کی ایمرجنسی رسپانس ٹیمیں صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ ایئر لائن نے پائلٹ سے کہا کہ وہ ہوائی جہاز کو انتہائی احتیاط کے ساتھ دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر لے جائے۔ فلائٹ کے دہلی میں اترنے کے بعد پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا۔

## لبنان پر اسرائیلی جارحیت کا سلسلہ جاری

### تازہ فضائی حملوں میں میئر سمیت 5 افراد جاں بحق

بیروت: لبنان میں اسرائیلی جارحیت کا سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ بدھ کے روز جنوبی لبنان کے مشہور شہر نباتیہ میں اسرائیل نے فضائی حملہ کیا جس سے زبردست تباہی ہوئی ہے۔ اس حملہ میں شہر کے میئر احمد کاہل سمیت کم از کم 5 لوگوں کی موت ہوگئی۔ اسرائیل کے ذریعہ کیے گئے اس ایئر اسٹرائیک میں کئی لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔ سیکورٹی سے منسلک ذرائع کے مطابق یہ حملہ ایسے وقت میں ہوا جب علاقہ میں پہلے سے ہی حالات کافی کشیدہ ہیں۔ اسرائیل کی فوج نے اس تازہ حملہ سے متعلق اپنے بیان میں کہا ہے کہ نباتیہ میں حزب اللہ کے کئی علاقوں میں حملہ کر زیر زمین تعمیرات کو تباہ کردیا گیا۔ اسرائیلی بحری افواج نے بھی زمینی سطح پر کام کرنے والے افواج کی مدد سے جنوبی لبنان میں حزب اللہ کے کئی اڈوں پر حملہ کیا۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان کی جانب سے جاری اس بیان میں یہ بھی جانکاری دی گئی ہے کہ حزب اللہ کے زیر زمین اسلحہ کے ذخیروں پر بھی لگاتار حملے کیے جارہے ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ کچھ گھنٹے قبل اسرائیلی فوج نے بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقوں پر بھی حملہ کیا تھا۔ یہ علاقہ حزب اللہ کا قلعہ مانا جاتا ہے۔ امریکہ نے لبنان کے علاقوں میں ہورہے اسرائیلی حملوں کی مذمت کی تھی، اس کے باوجود اسرائیلی فوجیوں نے کئی علاقوں کو نشانہ بنایا ہے۔ حملے کی وجہ سے پورا علاقہ دھواں دھواں ہوگیا۔ اسرائیل نے تازہ حملہ سے پہلے الرٹ جاری کیا تھا۔ حالانکہ اس الرٹ میں صرف ایک عمارت کو خالی کرنے کی ہدایت دی گئی تھی۔ جب حملہ ہوا تو یہ بہت زیادہ خطرناک اور بڑے پیمانے پر تھا۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ حملے سے پہلے انہوں نے عوام کو نقصان سے بچانے کے لئے الرٹ جاری کیا تھا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ بڑے پیمانہ پر فضائی اور زمینی حملہ کر اسرائیل نے معصوم عوام کی جان کو خطرے میں ڈال دیا۔

## عام آدمی پارٹی کی 'جن سمپرک' مہم کا آغاز

### دوبارہ چیف منسٹر منتخب کرنے کجریوال کی عوام سے اپیل

نئی دہلی: عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال نے چہارشنبہ کو دہلی اسمبلی انتخابات سے قبل پارٹی کی 'جن سمپرک' مہم کا آغاز کیا اور لوگوں پر زور دیا کہ وہ انہیں دوبارہ چیف منسٹر منتخب کریں۔ کجریوال نے کہا کہ اگر وہ چیف منسٹر بنتے ہیں تو اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ دہلی کے لوگوں کا کوئی کام بند نہ ہو۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جب وہ پانچ ماہ تک جیل میں رہے تو بی جے پی نے عام آدمی پارٹی حکومت کی مختلف اسکیموں میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی۔ اس مہم کا آغاز کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مجھے پورا اعتماد ہے کہ لوگ دہلی میں تمام کام اور سہولیات کو جاری رکھنے کیلئے دوبارہ عام آدمی پارٹی کی حکومت بنائیں گے۔ کجریوال نے بدعنوانی کے ایک مقدمے میں ضمانت ملنے کے چند دن بعد 17 ستمبر کو دہلی کے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا تھا۔ انہوں نے کہا تھا کہ وہ اگلے سال کے اوائل میں ہونے والے اسمبلی انتخابات میں عوام سے 'سرٹیفکیٹ آف ایمانداری' حاصل کرنے کے بعد ہی وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میری گرفتاری کے حوالے سے دہلی کے لوگوں کے ذہنوں میں بہت سے سوالات ہیں اور میں نے ان سوالات کے جوابات کے لیے ایک خط لکھا ہے۔ ہماری پارٹی کے کارکنان 29 اکتوبر تک اس خط کے ساتھ گھر گھر جائیں گے تاکہ لوگ اپنے سوالات کے جوابات حاصل کرسکیں۔ ع آپ کے سربراہ نے دعویٰ کیا کہ پارٹی کے دیگر رہنما دہلی کی ترقی میں کردار ادا کرنے پر جیل گئے تھے۔ ع آپ کی اس مہم کے آغاز کیلئے منعقدہ تقریب میں منیش سیسودیا، دہلی کی چیف منسٹر آتشی، وزراء گوپال رائے، سوربھ بھردواج، کیلاش گہلوت اور عمران حسین سمیت کئی پارٹی قائدین اور ایم ایل اے موجود تھے۔

## بابا صدیقی کے جنازے میں شاہ رخ خان نے شرکت کیوں نہیں کی؟

ممبئی: 12 اکتوبر کی شب مشہور و معروف این سی پی لیڈر بابا صدیقی کا ممبئی میں گولی مار کر قتل کردیا گیا۔ اس واقعہ کے بعد سیاسی میدان سے لے کر بالی ووڈ کے گلیاروں تک میں ماتم چھا گیا۔ بابا صدیقی کے جنازے میں بالی ووڈ سمیت مختلف شعبہ سے تعلق رکھنے والے بے شمار لوگوں نے شرکت کی۔ فلمی ہستیوں کی بھیڑ تو ایسی تھی کہ لگ رہا تھا جیسے پورا بالی ووڈ ہی امنڈ پڑا ہے۔ ایک بہت اہم چہرہ جو اس بھیڑ میں دکھائی نہیں دیا، وہ شاہ رخ خان کا تھا۔ اس سے لوگوں کے دل میں کئی طرح کے سوالات پیدا ہورہے ہیں۔ دراصل شاہ رخ خان اور سلمان خان دونوں ہی بابا صدیقی کے خاصے قریبی مانے جاتے ہیں۔ کچھ لوگ تو یہاں تک کہتے ہیں کہ شاہ رخ اور سلمان کے درمیان جب جھگڑا تھا تو ان دونوں کو قریب میں لانے میں بابا صدیقی کا بہت بڑا ہاتھ رہا۔ انھوں نے ہی دونوں ہستیوں کو قریب لایا اور پھر سے دو دلوں میں دوستی پیدا کردی۔ اب جبکہ سلمان خان خطرہ کے باوجود آنکھوں میں آنسو لئے بابا صدیقی کے جنازے میں شریک ہوئے ہیں، تو شاہ رخ کی غیر موجودگی پر سوال اٹھنا لازمی ہے۔ جن بالی ووڈ ہستیوں نے بابا صدیقی کے جنازے میں شرکت کی تھی ان میں سلمان خان، سہیل خان، پوجا بھٹ، ارپتا خان، منور فاروقی وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ بھی بہت سارے بالی ووڈ ستارے جنازے میں شریک ہوئے تھے۔ کئی لوگوں کی آنکھیں شاہ رخ خان کو تلاش کر رہی تھیں، لیکن وہ کہیں بھی نظر نہیں آئے۔ اس کے بعد سے ہی سوشل میڈیا پر شاہ رخ خان کی عدم شرکت پر سوال اٹھنے شروع ہوگئے۔ ساتھ ہی سوشل میڈیا صارفین کی مختلف قیاس آرائیاں بھی سامنے آنے لگیں۔ اس تعلق سے 'ٹائمس ناؤ' کی ایک رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شاہ رخ خان بابا صدیقی قتل معاملہ سے خود کو الگ رکھنا چاہتے ہیں، اس لیے جنازہ میں شامل نہیں ہوئے۔ ساتھ ہی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ جس گینگ پر بابا صدیقی کے قتل کا الزام لگ رہا ہے، وہ سلمان خان کو بھی دھمکی دیتا رہا ہے۔ یعنی شاہ رخ خان غالباً خود کو اس پورے معاملے سے الگ تھلگ رکھنا چاہتے تھے اس لیے بابا صدیقی کے جنازہ میں شرکت نہیں کی۔ کہا جارہا ہے کہ شاہ رخ اپنے اوپر کوئی بھی آنچ نہیں آنے دینا چاہتے، اس وجہ سے بھی انہوں نے دوری بنائے رکھی۔ کئی بار میڈیا کے لوگوں نے ان کی ٹیم سے رابطہ کرنے کی کوشش کی تاکہ جنازہ میں عدم شرکت کی وجہ پتہ کی جاسکے، لیکن کوئی جواب نہیں ملا۔

